EDMONTON PUBLIC SCHOOLS

BOARD OF TRUSTEES
WARD A Sherri O'Keefe
WARD B Marsha Nelson
WARD C Marcia Hole
WARD D Trisha Estabrooks
WARD E Dawn Hancock
WARD F Julie Kusiek
WARD G Saadiq Sumar
WARD H *vacant*
WARD I Jan Sawyer

SUPERINTENDENT OF SCHOOLS
Darrel Robertson

Centre for Education
1 Kingsway NW
Edmonton AB T5H 4G9

T 780-429-8000
F 780-429-8318
E info@epsb.ca

جون 7، 2023

قابل احترام فیملیز، والدین اور سرپرست،

2022 کے موسم خزاں میں، ایڈمنٹون پبلک اسکولز نے ان طلبہ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے طلبہ کا ایک آبادیاتی سروے کرایا جنہیں ہم خدمات فراہم کرتے ہیں۔ 4 تا 12 گریڈز کے طلبہ کے پاس خود کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کا ایک موقع تھا۔ سروے کے سوالوں میں درج ذیل کا احاطہ کیا:

- اصلی شناخت
- نسلی شناخت
- نسلی گروہ
- مذہبی یا روحانی لگاؤ
- صنفی شناخت
- جنسی میلان (صرف 7 تا 12 گریڈز)

سروے میں شرکت کلی طور پر رضاکارانہ تھی۔ جن والدین کی خواہش تھی کہ ان کے بچے شرکت نہ کریں ان کے بچے سروے سے باہر رہے۔ جن طلبہ نے سروے میں شرکت کی انہوں نے صرف انہی سوالوں کے جواب دیے جن کا جواب دینے میں انہوں نے آرام دہ محسوس کیا۔

آپ کا شکریہ!

55,800 سے زیادہ طلبہ نے سروے کا جواب دیا اور اس طرح جواب دینے والوں کی شرح 73 فیصد رہی۔ میں ان تمام طلبہ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا/چاہتی ہوں جنہوں نے سروے مکمل کرنے کے لیے وقت نکالا۔ ہم لوگ خود کے بارے میں معلومات شیئر کرنے کی ان کی خواہش کے لیے انتہائی ممنون ہیں۔ ہمیں فخر ہے کہ ہمارے اسکولوں میں طلبہ مختلف پس منظروں، ثقافتوں، معاشروں اور تجربات سے آتے ہیں۔

سروے کے نتائج

فی الحال سروے کے ابتدائی نتائج اپڈیٹ کردہ معلومات اور ایک نئے ویڈیو کے ساتھ آن لائن دستیاب ہیں۔ میں آپ کی ہماری ویب سائٹ دیکھنے کے لیے حوصلہ افزائی کرتا ہوں تاکہ آپ رپورٹ کو پڑھیں اور اس کام میں ہمارے آئندہ اقدامات کے بارے میں جانیں۔

آئندہ پیش رفت

ایڈمونٹن پبلک اسکولز مسلسل کارروائی، واقفیت اور اصلاحات کے ذریعہ ارادی طور پر نسلی امتیاز کی مخالفت، مفاہمت اور مساوات کے لیے کام کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ آئندہ سالوں میں، سروے کے نتائج کو اس بات کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے دیگر طلبہ کی معلومات کے ساتھ ضم کر دیا جائے گا کہ کس طرح طلبہ اسکول کا تجربہ کرتے ہیں اور کہاں ڈویژن رکاوٹوں کو کم کرنے کے لیے اقدامات کر سکتا ہے۔ اس کام کے ذریعہ ہمارا مقصد ایسی کارروائیاں کرنا ہے جس کا نتیجہ ایسے مستقبل کی صورت میں ظاہر ہو جہاں طلبہ اس بات پر فخر کر سکیں کہ وہ کون ہیں، ایسا محسوس کریں گویا وہ اسکول سے مربوط رہ کر کامیابی کا احساس کرتے ہیں۔

بصد خلوص واحترام،

ڈاریل رابرٹسن (Darrel Robertson)
اسکولز کے سپرنٹنڈینٹ